نظامت زرعی اطلاعات پنجاب

21۔سرآغا خان سوئم روڈ لاہور

Ph.042-99200731, 99200729, Fax No.042/99202911 E.mail:ziratnama@hotmail.com

www.facebook.com/AgriDepartment

پریس ریلیز

وزیرزراعت پنجاب سید حسین جہانیاں گردیزی کی زیرصدارت پنجاب سیڈکونسل کے بورڈ کے 119ویں اجلاس کاانعقاد

کاشتکاروں کوسستااور معیاری بیج فراہم کرنے کیلئے پنجاب سیڈ کارپوریشن کے بزنس پلان میں اصلاحات کی جارہی ہیں۔وزیرزراعت پنجاب سید حسین جہانیاں گردیزی

لاہور:05جولائی 2021 (   ) کاشتکاروں کوسستااور معیاری بیج فراہم کرنے کیلئے پنجاب سیڈ کارپوریشن کے بزنس پلان میں مزید بہتری لائی جارہی ہے۔پنجاب سیڈ کارپوریشن اپنے آئندہ بزنس پلان میں بیجوں کی exotic اقسام جو پرائیویٹ کمپنیاں بیرون ملک سے امپورٹ کر کے مہنگے داموں فروخت کرتی ہیں کوسستااور مناسب ریٹ پرکاشتکاروں کومہیا کرنے کیلئے اقدامات کا جائزہ لے گا یہ بات وزیرزراعت پنجاب سید حسین جہانیاں گردیزی نے لاہور میں پنجاب سیڈکونسل کے بورڈ کے 119ویں اجلاس کی صدارت کے دوران میڈیا سے گفتگوکرتے ہوئے کہی۔وزیرزراعت پنجاب نے بتایا کہ اجلاس میں پنجاب سیڈ کارپوریشن کے سیڈملٹی پلکیشن کے ٹارگٹ کا جائزہ بھی لیا گیا ہے۔اس کے علاوہ بیسک سیڈ کے طریقہ کار کی جانچ کیلئے ملک محمد مسعودممبر پنجاب سیڈکونسل کی سربراہی میں ٹیکنیکل کمیٹی قائم کی گئی ہے جوبیسک سیڈ کی ملٹی پلکیشن کے طریقہ کار کا جائزہ لے گی اوراس میں مزید بہتری لے کرآئے گی۔اس کے ساتھ یہ ٹیکنیکل کمیٹی ریسرچ کے اداروں کے تعاون سے مکئی اور دھان کے ہائبرڈ بیجوں کی تیاری اورملٹی پلکیشن کے طریقہ کار کا تعین کرے گی۔انھوں نے مزید کہا کہ پنجاب سیڈ کارپوریشن امسال نہ صرف بیج کی رسداور طلب کو برقرار رکھے گا بلکہ کاشتکاروں کومنظورشدہ اقسام کے بیج کی جانب راغب کرنے کے لئے مختلف پروگرام ترتیب دیئے جائیں گے۔پنجاب سیڈ کارپوریشن کا بیجوں کی صنعت میں لیڈر کا کردار ہے جوملٹی نیشنل اورمقامی سیڈ کمپنیوں کے مقابلے میں کسانوں کوتصدیق شدہ معیاری بیج ارزاں نرخوں پرفراہم کررہاہےاوراس سے موجودہ حکومت کا سرسبز پنجاب کا خواب پورا ہورہا ہے۔اجلاس میں مینجنگ ڈائریکٹر پنجاب سیڈ کارپوریشن فضل الرحمان،ممبران پنجاب سیڈکونسل بورڈ آفتاب احمد خان کھچی،رابعہ سلطانہ،ملک محمد مسعود،ڈائریکٹر ایڈمنسٹریشن میڈم صدف ظفر سمیت دیگر اعلیٰ افسران نے شرکت کی۔

☆☆☆☆